نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

محکمہ زراعت پنجاب نے موسم خزاں کی لشکری سنڈی (فال آرمی ورم) کے تدارک کے لئے سفارشات جاری کر دیں

لاہور: 06اپریل2023( ) ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق موسم خزاں کی لشکری سنڈی (فال آرمی ورم)مکئی، دھان، کماد، جوار، کپاس، سبزیات اور دیگر فصلات کے پتوں اور تولیدی حصوں پر حملہ کرتا ہے جس سے ان فصلات کو بیحد نقصان کا باعث بنتا ہے۔کاشتکار فال آرمی ورم کے کنٹرول کے لئے ہفتہ میں دو بار پیسٹ سکاؤٹنگ کریں اور متاثرہ کھیتوں میں بالغ پروانوں کے موثر تدارک کے لئے جنسی اور روشنی کے پھندے استعمال کریں۔فال آرمی ورم کے حملہ شدہ کھیتوں کے نزدیک نئی فصل کی کاشت ہرگز نہ کریں۔ترجمان نے مزید بتایا کہ کاشتکار کھیت میں پرانی فصلات کی باقیات تلف کریں اور گہرا ہل چلائیں تاکہ زیرزمین اس کیڑے کے پیوپے تلف ہو جائیں۔فال آرمی ورم کے کیمیائی تدارک کے لئے کاشتکار محکمہ زراعت کے مقامی عملہ کے مشورہ سے دانے دار زہروں کا استعمال کریں اور اسپرے کی ضرورت ہونے پر ٹی جیٹ نوزل سے **ایما میکٹن بینزوئیٹ +فپرونل بحساب 8 کلوگرام فی ایکڑ یا فلوبینڈامائیڈ 480ایس سی 40 ملی لٹر فی ایکڑ یا ایما میکٹن بینزوئیٹ بحساب 240 ملی لٹر فی ایکڑ یا لیوفینوران بحساب 240 ملی لٹر فی ایکڑ یا سپنٹو رام 120ایس- سی بحساب 100 ملی لٹر فی ایکڑ یا کلورانٹرانلی پرول 20%ایس- سی بحساب 100 ملی لٹر فی ایکڑ** میں سے کسی ایک زہر کا انتخاب مقامی زراعت کے مشورہ سے کریں۔کاشتکار فال آرمی ورم کے موثر کیمیائی تدارک کے لئیا یک ہی قسم کی زہر بار بار استعمال نہ کریں اور زہریں بدل بدل کر سپرے کریں۔کاشتکار جڑی بوٹیوں کی تلفی بھی یقینی بنائیں کیونکہ جڑی بوٹیاں فال آرمی ورم کے لئے پناہ گاہوں کا کام سرانجام دیتی ہیں

☆☆☆☆